| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ح' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف ح' کی پہچان کر سکیں۔ اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے کوئی سے دو الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حرف 'ا تا ح' کا تلفظ، آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ح' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ح' ہے۔ یہ حروف تہجی کا دسواں حرف ہے اس کی شکل بھی 'ج' کی طرح ہوتی ہے۔ مگر اس میں کوئی نقطہ نہیں ہوتا۔ بچوں کو 'ح' کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا آج ہم حرف 'ح' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ اور حرف 'ح' کے ذخیرہ الفاظ (حلوائی، حجام، حمام، حوض، حلیم، حلوہ) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ح' کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ بچے اس میں انگلی کی مدد سے رنگ بھریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>حرف 'ح' کا درست تلفظ اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>ورک شیٹ پوسٹر کلر | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ح' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ح' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ح‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ح‘ کی پہچان اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے کوئی سے چار الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کوحروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔بچوں کوحرف ’ح‘ کافلیش کارڈ دکھا کراس کاتلفظ اورصوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کوغیررسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف ’ح‘ کا درست تلفظ ،آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ح‘ کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کوحرف ’ح‘ کی نظم سنائی جائے گی۔<br>حلوائی آیا،حلوہ لایا — باداموں سے حلوے کوسجایا<br>کھالوبچوں حلوہ مزیدار — حلوائی آیا،حلوہ لایا | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب کاصفحہ نمبر 24 کھولیں اورحرف ’ح‘ پرانگلی پھیریں۔اورحرف ’ح‘ سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتایئے۔’ح‘ کی آواز کی بار بار دہرائی کروایئے۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ نمبر 24 | |
| | **ح سے حلوہ:**<br>بچوں کوورک شیٹ دی جائے گی۔جس پر پلیٹ بنی ہوگی۔بچوں کو پیلے رنگ کا کریپ پیپر دیا جائے گا جس کو بچے ہاتھ سے کاٹ کر پلیٹ پرگلوکی مدد سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے چسپاں کرکے ’ح‘ سے حلوہ بنائیں گے۔کلاس میں بچوں کوحلوہ بھی کھلایا جاسکتا ہے۔ | 5منٹ | ورک شیٹ پیلا کریپ پیپرگلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف ’ح‘ کادرست تلفظ اورصوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>بچوں کوورک شیٹ دی جائے گی۔’ح‘ کے دائرہ میں رنگ بھریں۔ | | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ح' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ح' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے کوئی سے چار الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ح' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے 'ح' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈز | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ح' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ح' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے کہ آپ آج حرف 'ح' کی کہانی سنیں گے۔<br>حنان اپنے ابو کے ساتھ حجام کی دکان پر بال کٹوانے گیا۔ واپسی پر حلوائی کی دکان آئی۔ اُس نے اپنے ابو سے کہا کہ میں نے گاجر کا حلوہ کھانا ہے۔ اُس کے ابو نے اس کو حلوہ اور جلیبی لے کر دی دکان کے باہر ابو کے دوست حاجی صاحب مل گئے۔ انہوں نے ابو کو کہا کہ بڑے دنوں سے آپ حویلی نہیں آئے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ح' کی ٹریسنگ ورک شیٹ دی جائے گی۔ جس کو بچے ٹریس کریں گے اور اُس میں رنگ بھریں گے۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ رنگ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے کہانی کے الفاظ حنان حجام، حلوائی، حلوہ، حاجی حویلی کی ابتدائی آواز کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ح' | دن: | چوتھا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ح' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے کوئی سے سات الفاظ اور اُس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ح' کا تلفظ اُس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ حرف 'ح' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا۔ اس میں 'ح' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ح' سے شروع ہونے والے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے حویلی، حلیم اور حوض کی تصاویر دکھائی جائیں گے۔ اور بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>Play Dough کی مدد سے 'ح' کو لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 25 کھولنے کو کہا جائے گا۔ اور اس کی تصاویر کے نام بتانے کو کہا جائے گا۔ اور پوچھا جائے گا کہ کیا چوہا کی ابتدائی آواز 'ح' ہوتی ہے۔ بچوں کو 'ح' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ح' کی درست بناوٹ پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے حلیم، حویلی اور حوض کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>Salt Tray<br>Play dough<br>کتاب صفحہ 25 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ح' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ح' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ح' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف ح' کی پہچان'اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے کوئی سے سات الفاظ اور اُس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف 'ح' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے Sand letters ہر حرف 'ح' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'ح' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔تا کہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے بورڈ پر حرف 'ح' کی لکھائی کرائے جائی گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ح' پر پینسل پھیریئے۔ | 3منٹ<br>5منٹ<br>30منٹ<br>2منٹ | فلیش کارڈ<br>Sand Letters<br>کاپی | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ۔حرف 'ح' کا درست تلفظ ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ح' کی نشاندہی کرنے پر |